بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**OFFICE OF THE PRIVATE SECRETARY**
TO
**HAZRAT KHALIFATUL MASIH V**

Assistant Private Secretary (Honorary)
**LAJNA SECTION**
Email: office@centrallajna.org

London LS: 8024
Date: 19th September 2025

محترمہ نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

**سرکلر: دستورِ اساسی لجنہ اماءاللہ میں سیکرٹری ناصرات الاحمدیہ و ناصرات عاملہ کے موجودہ ،ترمیم شدہ اور نئے قواعد کی ترتیب**

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لجنہ اماءاللہ کے دستورِ اساسی میں سیکرٹری ناصرات الاحمدیہ اور ناصرات عاملہ کے قواعد کا اضافہ فرمایا ہے۔ براہِ مہربانی سیکرٹری ناصرات، نیشنل عاملہ ممبرات اور مجالس کی صدرات کو اس سے آگاہ کر دیں اور ان کے مطابق عمل درآمد کریں۔

واضح ہو کہ آپ کی سہولت کے لئے ناصرات الاحمدیہ کے موجودہ، ترمیم شدہ اور نئے قواعد یکجا کر کے عارضی قاعدہ نمبر کی ترتیب کے ساتھ بھجوائے جارہے ہیں۔ اس کو دستورِ اساسی کے ساتھ منسلک کر لیں۔

اگر آپ کو مزید رہنمائی یا وضاحت کی ضرورت ہو تو لجنہ سیکشن سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

والسلام

خاکسار

رضوانہ نثار

انچارج لجنہ سیکشن مرکزیہ

# قواعد دستورِ اساسی برائے سیکرٹری ناصرات وناصرات عاملہ

N1۔ ناصرات الاحمدیہ لجنہ کی ذیلی تنظیم ہے جہاں ناصرات کی تین بچیاں ہوں وہاں ناصرات کی تنظیم مجلس کی صدر قائم کریں اور سیکرٹری ناصرات الاحمدیہ کا تقرر کیا جائے۔ناصرات کو فعال بنانے کی اصل ذمہ داری مجلس کی صدر پر ہے۔ان کو چاہئے کہ شعبہ ناصرات پر گہری نظر رکھیں اور ان کی رہنمائی کرتی رہیں۔

N2۔ جب بچی سات سال کی ہو جائے تو وہ ناصرات کی ممبر ہو گی۔

N3۔ ناصرات کی بچیوں کو تین معیاروں میں تقسیم کیا جائے گا۔

معیار سوم:۔ 7،8،9 سال

معیار دوم:۔ 10،11،12 سال

معیار اوّل:۔ 13،14،15 سال

N4۔ سیکرٹری ناصرات،ناصرات الاحمدیہ کے پروگراموں کو کامیابی سے چلانے کی ذمہ دار ہونگی۔اس کے لئے وہ اپنی عاملہ بنائیں گی۔ نیشنل سطح پر ناصرات عاملہ کی منظوری صدر صاحبہ ملک حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے لیں گی جبکہ مجلس کی ناصرات عاملہ کی منظوری صدر لجنہ ملک دیں گی۔ یہ عاملہ نیشنل سطح اور مجالس کی سطح پر مندرجہ ذیل شعبوں پر مشتمل ہو گی۔

1. ناصرات جنرل سیکرٹری
2. ناصرات سیکرٹری تعلیم
3. ناصرات سیکرٹری تربیت
4. ناصرات سیکرٹری مال
5. ناصرات سیکرٹری صحت جسمانی
6. ناصرات سیکرٹری تبلیغ

N5۔ نیشنل سطح پر ناصرات کی عاملہ لجنہ کی ممبرات ہوں گی جبکہ مجالس کی سطح پر عاملہ معیار اول و دوم کی بچیوں پر مشتمل ہو گی۔

N6۔ نیشنل سیکرٹری ناصرات اپنا بجٹ بنائیں گی اگرچہ مرکزی بجٹ ایک ہی ہو گا۔

N7۔ سیکرٹری ناصرات کی ذمہ داری ہو گی کہ یہ نگرانی کریں کہ ناصرات کی تمام بچیاں مقررہ شرح سے چندہ کی ادائیگی کر رہی ہیں۔ نیز یہ نگرانی کریں کہ چندہ وقفِ جدید ناصرات سے باقاعدگی سے وصول کیا جارہا ہے۔ لجنہ کے عہدیدار کی بجائے اگر جماعت کا کوئی عہدیدار یہ چندہ وصول کرتا ہے تو اس سے درخواست کی جائے کہ وہ رسید پر درج کریں کہ یہ چندہ ناصرات کی طرف سے ہے۔

N8۔ نیشنل سیکرٹری ناصرات صدر لجنہ ملک کی منظوری سے نصاب تیار کریں گی اور مجالس کو بھجوائیں گی۔ ہر معیار کا مقررہ نصاب کے مطابق امتحان لیا جائے اور کوشش کی جائے کہ تمام ناصرات اس امتحان میں شامل ہوں۔

N9۔ سیکرٹری ناصرات (مجلس) ہر ماہ اپنی رپورٹ صدر مجلس کی خدمت میں پیش کریں گی جو صدر لجنہ ملک کو بھجوائیں گی۔ نیز صدر لجنہ مجلس کے دستخط کے بغیر کوئی رپورٹ قابلِ قبول نہ ہو گی۔

N10۔ (الف) لڑکیوں کی دینی و اخلاقی تربیت پر زور دیا جائے گا۔

(ب) ناصرات کی ذہنی ترقی کے مناسب ذرائع اختیار کرنے کی کوشش کی جائے۔

N11۔ **ناصرات جنرل سیکرٹری:**

1. ناصرات کے پروگراموں کی اطلاع دیں گی نیز انتظامات کی سلسلہ میں سیکریٹری ناصرات کی مدد و معاون رہیں گی۔
2. ہر ماہ کے پروگراموں کی رپورٹ تیار کر کے سیکرٹری ناصرات کو دیں گی تا کہ سیکرٹری ناصرات حتمی رپورٹ تیار کر کے صدر لجنہ کو دیں۔

N12 ۔ **ناصرات سیکرٹری تعلیم:**

1. تعلیمی کلاسز باقاعدگی سے کروانے کی ذمہ دار ہوں گی نیز قرآن کریم ناظرہ پڑھانے کا التزام کریں گی۔
2. نماز، ناظرہ قرآن و ترجمہ بچیوں کے معیار کے مطابق سکھایا جائے۔

3. ناصرات کے ہر معیار کے مطابق قرآن کریم کا کچھ نہ کچھ حصہ حفظ کروایا جائے۔
4. ہر معیار کی ناصرات کو بنیادی اسلامی تعلیمات سکھائی جائیں۔

## N13 - ناصرات سیکرٹری تربیت

1. نماز و تلاوتِ قرآن کریم کا جائزہ لیا جائے۔
2. ناصرات کی کلاسز میں اسلامی و اخلاقی تعلیمات پر عمل کرنے کی طرف خاص توجہ دلائی جائے۔
3. فرمودہ خطبہ جمعہ سننے کی طرف یاد دہانی کروائی جائے اور جائزہ رکھا جائے۔ نیز سوال وجواب کی طرز پر کوئز تیار کرکے خطبہ کے نقاط سمجھنے میں مدد کی جائے۔
4. ایم ٹی اے کے پروگرام دیکھنے کی طرف توجہ دلائیں۔
5. ناصرات کو حضرت خلیفۃ المسیح کو خط لکھنے کا طریقہ سکھایا جائے اور خلافت سے ذاتی تعلق رکھنے کی طرف توجہ دلائی جائے۔
6. پانچ بنیادی اخلاق اپنانے کی طرف توجہ دلائی جائے۔:
   - سچ کی عادت
   - نرم اور پاک زبان کا استعمال
   - وسعتِ حوصلہ
   - غریب کی ہمدردی اور دکھ دور کرنے کی عادت دوسرے کی تکلیف کا احساس اور اسے دور کرنا
   - مضبوط عزم اور ہمت۔

(خطبہ جمعہ 24 نومبر 1999)

7. حیا اور پردہ کے اسلامی حکم پر عمل کرنے طرف توجہ دلائیں گی نیز بچیوں میں حیادار لباس پہننے کا احساس پیدا کرنے کی سعی کریں گی۔
8. بدعات اور غیر اسلامی رسم و رواج سے اجتناب کی طرف توجہ دلائیں گی۔
9. سوشل میڈیا کا غیر ضروری استعمال اور احتیاط کی طرف مسلسل توجہ دلائی جائے۔

## N14 ناصرات سیکرٹری مال

1. ناصرات کے چندہ کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائیں اور اس کا حساب رکھیں گی لیکن رقم لجنہ کے حساب میں ہی رہے گی۔

## N15-ناصرات سیکرٹری صحتِ جسمانی

1. ورزشی مقابلہ جات کروائے جائیں۔
2. مجالس اور ریجنل سطح پر ٹیمیں تشکیل دے کر کھیلوں کے مقابلہ جات و ٹورنامنٹ کروائے جائیں۔
3. ناصرات کو ہائی جین اور حفظانِ صحت کے متعلق ضروری معلومات فراہم کریں۔

## N16- ناصرات سیکرٹری تبلیغ

1. اپنے اسکول اور تعلیمی مراکز میں تبلیغی موضوعات پر اسلامی نقطہ نظر پیش کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔
2. لجنہ و ناصرات کے میگزین میں مختلف تبلیغی مضامین پر اسلامی نقطہ نظر تحریر کرنے کی صلاحیت اجاگر کی جائے۔
3. لجنہ کے تبلیغی پروگراموں میں اپنی کلاس فیلوز اور ٹیچرز کو مدعو کرنے کی ترغیب دیں۔
4. لجنہ کے ساتھ لیفلٹس و لٹریچر کی تقسیم میں حصہ لینے کا انتظام کریں۔